عینِ زبیدہ (نہرِ زبیدہ)

جبل عرفات میں نہر زبیدہ ہے۔ نعمان کوہستانی سلسلے سے میدان عرفات تک اس نہر کے ذریعے پانی پہنچانے کا انتظام کیا گیا تھا۔ عرفات سے مزدلفہ تک یہ نہر عباسی دور میں قائم کی گئی تھی۔ خلیفہ ہارون الرشید کی بیگم ملکہ زبیدہ نے اپنے سفر حج کے موقع پر یہ نہر تیار کرائی تھی۔

نہر زبیدہ کی تاریخ کیا ہے؟

عباسی خلیفہ ہارون رشید کے انتقال کے بعد ملکہ زبیدہ حج کے لیے مکہ مکرمہ آئی تو پانی کی قلت کا نوٹس لیا۔ بغداد واپسی پر ماہر انجینیئرز (engineers) اور آرکیٹکٹ (architect) کو بلا کر مکہ مکرمہ میں پانی کا مسئلہ حل کرنے کا حکم دیا۔ ماہرین نے ملکہ کو سروے کے بعد رپورٹ دی کہ نہر کی تعمیر کا کام انتہائی مشکل ہے۔ تاریخ میں ملکہ زبیدہ کا یہ جملہ بہت مشہور ہے کہ "ہر قیمت پر نہر کی تعمیر کی جائے خواہ ہر کدال کی ضرب پر ایک دینار ہی کیوں نہ دینا پڑے"۔